25/05/2026

09.25 AM (5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں----طار ق گنائی

پدم ایوارڈ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج شام راشٹر پتی بھون نئی دلی میں منعقد ہونے والی ایک پر وقار تقریب پر اس سال کے پدم ایوارڈ عطا کریں گی ۔

پدم اعزازات ملک کے اعلیٰ ترین شہری اعزازات میں شامل ہیں جو تین زمروں پدم وبھوشن//پدم بھوشن// اور پدم شری پر مشتمل ہیں۔

اس سال مرکزی سرکار نے 131 پدم ایوارڈس کا اعلان کیا ہے جن میں پانچ پدم وبھوشن ، 13 پدم بھوشن اور 113 پدم شری ایوارڈ شامل ہیں ۔

قابل ذکر ہے کہ اس سال پدم شری پانے والوں میں جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے معروف ماہر تعلیم پروفیسر شفیع شوق اور سماجی شخصیت برج لال بٹ بھی شامل ہیں۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ بھارت اپنے نوجوانوں سے نہایت پر امیدہے کہ وہ اس ملک کو نئی بلندیوں تک پرواز کرائیں گے۔

کے زیر اہتمام ایک خصوصی قومی یکجہتی کیمپ میں ملک کے مختلف NCC وہ سرینگر میں کیڈٹس کے ساتھ بات کر رہے تھے-NCC علاقوں سے آئے

........NCC....LG...........

بڈگام

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ،پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی اور دیگر کئی اہم لیڈروں نے بڈگام مینایک معصوم بچی کے بہیمانہ قتل کے واقعے پر رنج و غم اورتشویش کا اظہارکیا ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر نے اس سلسلے میںپولیس سربراہ سے بات کرکے سینئرافسروں کو اس سانحہ کی باریک بین تحقیقات کرنے کا حکم دیا ہے ۔

وزیر اعلیٰ نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ان کی سرکار قصور واروں کو قرار واقعی سزا دلانے کیلئے متعلقہ ایجنسیوں کو ہر ممکن تعاون کرے گی۔

پی ڈی پی صدر نے اس واقعے پرتشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کے واقعات کاسُنتے ہی ایک انسان لرز جاتا ہے۔

سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے کل متاثرہ کنبوں کے گھر جا کرسرکار کی طرف سے تعزیت کا اظہار کیا۔

حج

آج ذالحجہ کی8ویںتاریخ ہے ۔ ان دنوں لاکھوں کی تعداد میں عازمین حج سعودی عرب کے شہر مکہ مکرمہ میں حج کی سعادت حاصل کرنے کیلئے موجود ہیں۔

Talbia

واضح رہے کہ مناسک حج کی ادائیگی کا سلسلہ آج سے شروع ہو رہا ہے اور آج عازمین کرام احرام باندھے ہوئے پورا دن منّیٰ کی وادی میں گزاریں گے۔

کل 9ذالحجہ کو نماز فجر کے بعد عازمین ،حج کے رکن عظیم وقوف عرفہ کےلئے میدانِ عرفات روانہ ہو نگے۔

Talbia

ایل

اور اب ریل سے متعلق یہ خبر

------Music------

شمالی ریلوے نے مسافروں کی سہولیت کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں مال برداری میں آسانی پیدا کرنے کیلئے کئی اہم اقدام کئے ہیں۔

اس سلسلے میں آج علی الصبح قریب پونے چھ بجے جموں سے ممبئی کیلئے ایک خصوصی پارسل وین میں 12ٹن تازہ چری کی پہلی کھیپ روانہ کی گئی ۔اس اقدام سے جموں کشمیر کا میوہ

---

کم سے کم وقت اور تازگی کی حالت میں متعلقہ منڈیوں تک پہنچنے میں مدد ملے گی۔ ۃ

------Music------

اعجاز بشیر

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے یو ٹی کے کالجوں میں داخلے کے خواہشمند امید واروں سے کہا ہے کہ وہ داخلے کیلئے کالج آپشن کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریںتاکہ انہیں کسی نہ کسی کالج میں داخلہ مل سکے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے اس تعلق سے کہا۔

........Aijaz Bashir........

ژالہ باری

سرینگر سمیت وادی کے کچھ علاقوں میں آج صبح سویرے سے ہی گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش ہو رہی ہے ۔ اس دوران کل شمالی کشمیرکے بعض علاقوں میں شدید ژالہ باری بھی ہوئی ہے ۔

ضلع کپواڑہ کے لالپورہ ، کُروسن، میدان پورہ ، چھی پورہ ،کولیگام اور لولاب میں بھاری اولوں کی زد میں آنے سے میوہ باغات اور دیگر فصلوں کو شدید نقصان پہنچا ۔

ہمارے کپواڑہ کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ لولاب میں آسمانی بجلی کی زد میںآنے سے عابد رحیم گنائی نامی ایک 23سالہ جوان جا ن بحق اور فیضان رحمان ڈار نامی دوسرا نوجوان بری طرح سے جھلس گیا ۔

ایل جی ملاقات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے کئی اہم شخصیات نے ملاقات کرکے ان کے ساتھ اپنے اپنے شعبوں سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کیا۔

ملاقا ت کرنے والوںمیں سرکردہ کلا کار اور دی کشمیر میوزک کلب سرینگر کے چیر مین وحید جیلانی// اورٹریڈریس ایسوسی ایشن سینٹرل لال چوک سرینگر کے صدر فیروز احمد باباکی قیادت والا ایک وفد بھی شامل ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ24 اعشاریہ 6 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ